






30 اگست تا 6 ستمبر سبق 10

# عہد اور اُس کا خاکہ

پاسٹر اشرف یعقوب



"اور موسیٰ نے لوگوں کے پاس جا کر خُداوند کی سب باتیں اور احکام اُن کو بتادیئے اور سب لوگوں نے ہم آواز ہو کر
جواب دیا کہ جتنی باتیں خُداوند نے فرمائی ہیں ہم اُن سب کو مانیں گے" (خروج 24:3)۔



دس احکام کو بلند آواز کے ساتھ اعلان کرنے اور موسیٰ کو قوانین کا ایک بنیادی مجموعہ دینے کے بعد، خُدا اسرائیل کے ساتھ ایک عہد باندھنا چاہتا تھا۔ عہد سادہ تھا: میں تمہارا خُدا ہوں گا، میں تمہاری حفاظت کروں گا اور تمہیں برکت دوں گا۔ تم میرے احکامات کو ماننا۔

ایک طومار پر عہد لکھنے کے بعد، دونوں فریقوں کو اس کی توثیق کرنا پڑی۔ لوگوں نے اس کی توثیق کرتے ہوئے کہا کہ وہ اسے برقرار رکھیں گے۔ خُدا نے اس کی توثیق کیسے کی؟ یہ توثیق خون، تہوار، اور اُن کی سمجھنے میں مدد کی۔



**عہد:**

- عہد کا خون (خروج 24: 1۔6)۔
- عہد کی تکمیل (خروج 24:7)۔
- عہد کا کھانا (خروج 24: 9۔18)

**نمونہ:**


- نمونے کا مقصد (خروج 25:1۔9)۔
- نمونے کی تیاری (خروج 31: 1۔30)۔




# عہد

# عہد کا خون

"تب موسیٰ نے اُس خون کو لے کر لوگوں پر چھڑکا اور کہا دیکھو یہ اُس عہد کا خون ہے جو خُداوند
نے ان سب باتوں کے بارے میں تمہارے ساتھ باندھا ہے" (خروج 8:24)۔







## عہد کیسے باندھا گیا؟


1۔عہد کو پڑھا گیا(24: 3اے)
2۔لوگوں نے ماننے کا عہد کیا (24: 4اے)۔
3۔مذبح بنایا گیا(24 : 4بی)۔
4۔بارہ ستون کھڑے کیئے گئے(24: 4سی)
5۔سوختنی قربانی کی گئی(5:24)۔
6۔آدھا خون مذبح پر چھڑکا گیا(6:24)۔
7۔عہد کو دوبارہ پڑھا گیا(24: 7اے)
8۔لوگوں نے دوبارہ ماننے کا عہد کیا(24: 7بی)۔
9۔آدھا خون لوگوں پر چھڑکا گیا(8:24اے)۔
10۔موسیٰ نے اسے "خون کا عہد" اقرار دیا(8:24بی؛ متی 28:26)۔
11۔عہد کی توثیق کے لئے کھانا کیا گیا(24: 9۔11)۔

خُدا نے بنی اسرائیل کو لوگوں کی صورت میں دیکھا(12 ستون)؛اُس نے خاص طور پر نوجوانوں کی قدر و قیمت کی؛اور اُس نے ذاتی طور پر ہر ایک پر توجہ دی(لوگوں پر خون چھڑکا)۔

خُدا ہمارے ساتھ تعلق چاہتا ہے،ذاتی طور پر لوگوں پر بھروسہ۔

# عہد کی تکمیل

"پھر اُس نے عہد نامہ لیا اور لوگوں کو پڑھ کر سنایا۔ اُنہوں نے کہا کہ جو کچھ خُداوند نے فرمایا ہے اُس سب کو ہم کریں گے اور تابع رہیں گے" (خروج 24:7)۔



لوگوں نے بڑے خلوص کے ساتھ عہد کی پاسداری کرنے کا وعدہ کیا۔ یہ عہد قلیل مدتی تھا (خروج 32:8)۔ اس کے بعد آنے والی نسل نے بھی عہد کو برقرار رکھنے کا عہد کیا (یشوع 24: 18بی)۔ لیکن یشوع نے واضح طور پر انہیں خبردار کیا: "تم خُدا کی پرستش نہیں کر سکتے" (یشوع 24:19)۔

ہماری نیک نیتوں کے باوجود ہمیں خُدا کی اطاعت کرنے سے کونسی چیز روکتی ہے؟



فطری طور پر ہم نافرمان ہیں (رومیوں 7:18) اور ہم اپنے رجحان کو بدلنے کے لئے کچھ نہیں کر سکتے (رومیوں 7:24)۔






لیکن اگر ہم خُدا کو اجازت دیں تو وہ ہماری فطرت کو بدل سکتا ہے (حزقی ایل 36: 26-27)۔ وہ ہمیں پاک کرتا ہے، دنیا سے الگ کرتا ہے تاکہ ہم اُس کی اطاعت کر سکیں۔ صرف وہی ہمیں مضبوط بناتا ہے (2 کرنتھیوں 12:10)۔

# عہد کا کھانا

"تب موسیٰ اور ہارون اور ندب اور ابیہو اور بنی اسرائیل کے ستر بزرگ اُوپر گئے۔۔ سو انہوں نے خُدا کو دیکھا اور کھایا اور پیا" (خروج 24: 9، 11ب)۔



جس طرح ہم یعقوب اور لابن کے معاملے میں دیکھتے ہیں۔ قدیم مشرقی روایت کے مطابق عہد کی توثیق کے لئے کھانا لازم تھا (پیدائش 31: 44-45)۔




کوہ سینا پر خُدا نے 74 لوگوں کو "عہد کا کھانا پیش کیا: موسیٰ، ہارون، ندب، ابیہو اور 70 بزرگ، یہ سب تمام بنی اسرائیل کی نمائندگی کرتے تھے (خروج 14: 9-11)۔

جب یسوع مسیح نے نیا عہد باندھا، تو یسوع مسیح نے بھی اپنے 12 شاگردوں کے ساتھ کھانا کھایا (متی 26: 26-28)۔



جب بھی ہم عشائے ربانی میں حصہ لیتے ہیں، ہم خُدا کے ساتھ اپنے عہد کی از سرِ نو تجدید کرتے ہیں۔ روٹی اور شیرے میں حصہ لینے سے ہم یسوع مسیح میں اپنے گناہوں کی معافی اور نجات کا جشن مانتے ہیں (1 کرنتھیوں 11:26)۔


حتمی طور پر نجات کے منصوبے کو رد کرنے کے باوجود، نہ ہی ندب، نہ ابیہو اور نہ ہی یہوداہ اس "عہد کے کھانے" سے خارج ہوئے۔



نمونه

# نمونے کا مقصد

"اور وہ میرے لئے ایک مقدس بنائیں تا کہ میں اُن کے درمیان سکونت کروں (خروج 8:25)۔





اس بات کی ضمانت دینے کے لئے کہ یسوع مسیح عہد کا اپنا حصہ ادا کرے گا، خُدا نے زمین پر آ کر اپنے لوگوں کے درمیان رہنے کا فیصلہ کیا۔ لیکن خُدا کی جسمانی موجودگی کا مطلب ان سب کی فوری موت ہو گی (خروج 20:33)۔ لہذا اُس نے انہیں مقدس بنانے کا حکم دیا جہاں وہ اپنی موجودگی ظاہر کر سکے۔ یہ موجودگی علامتوں میں ظاہر ہوئی، کیونکہ خُدا جسمانی طور پر کسی ہاتھ کے بنائے ہوئے مقدس میں نہیں رہتا (اعمال 24:17)۔





موسیٰ کو یہ نمونہ دکھایا گیا اور اس کی تعمیر کے لئے خاص ہدایات دیں۔ لوگوں کو ضروری سامان فراہم کرنے کے لئے ہدایات کی گئی (خروج 25: 2۔7)۔

بیابان میں بنایا جانے والا مقدس اور سلیمان کی تعمیر کردہ ہیکل دونوں آسمان میں موجود مقدس کا نمونہ تھیں (عبرانیوں 8: 1۔2؛ 1 سلاطین 8: 27، 30)۔



جب کوئی اسرائیل ہیکل میں داخل ہوتا تو وہ علامتی طور پر خُدا کی حضوری میں چلا جاتا تھا۔ جب تک یسوع مسیح کی موت پر ہیکل کا پردہ نہ پھٹ گیا۔

# نمونے کی تیاری

"دیکھ میں نے بضلی ایل بن اُوری بن حور کو یہوداہ کے قبیلہ میں سے نام لے کر بلایا ہے۔اور میں نے اُس کو حکمت اور فہم اور علم اور ہر طرح کی صنعت میں روح اللہ سے معمور کیا ہے" خروج 31: 1۔2)۔







اگرچہ خُدا نے موسیٰ کو تعمیر کے لئے بہت سی تفصیلات دی تھیں، لیکن اُس نے اسے ہر تفصیل سے آگاہ نہیں کیا تھا۔ پیتل کا مرتبان، کروبی، کاہن کی خدمت کی ہدایات وغیرہ۔اس سے روح القدس کو معماروں کے توڑوں کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا۔

ان تفصیلات کے لئے روح القدس نے خاص توڑوں سے نوازا:

- بضلی ایل جس نے تمام منصوبے کی نگرانی کی (خروج 31:2)۔
- اہلیاب کو اُس کا ساتھی مقرر کیا ہے (خروج 31: 6اے)
- دوسرے لوگ جنہوں نے کام میں مدد کی (خروج 31: 6 بی)



مقدس کی تعمیر کی ہدایات کے دوران، خاص طور پر سبت کا ذکر کیا گیا ہے (خروج 31: 12۔17)۔ سبت کا ان سب سے کیا تعلق ہے؟ پاکیزگی مرکز ہے۔ پاک خُدا تک رسائی کے لئے، ہمیں بھی اُس کی مانند پاک ہونا چاہئے۔ سبت اُس پاکیزگی کی نشانی ہے (خروج 31:13؛ حزقی ایل 20: 12،20)۔

"خدا کے لیے سکونت کے طور پر مقدس کی تعمیر میں، موسی کو ہدایت کی گئی تھی کہ وہ تمام چیزیں آسمان کی چیزوں کے نمونے کے مطابق بنائیں، خدا نے اسے پہاڑ پر بلایا، اور اس پر آسمانی چیزیں ظاہر کیں، اور اُسی طرح مقدس تمام چیزوں کے ساتھ دکھایا۔

لہذا اسرائیلیوں کے لئے، جنہیں وہ اپنی سکونت گاہ بنانا چاہتا تھا، اُس نے اپنا شاندار مثالی کردار ظاہر کیا۔ لیکن اس نمونے کو حاصل کرنے کے لئے وہ اپنے آپ میں بے اختیار تھے۔ کوہ سینا پر ہونے والی رویا انہیں ان کی ضرورت اور بے بسی سے ہی متاثر کر سکتی تھی"

EGW (EDUCATION, P. 35-36)